# Paper - II

# URDU

**Booklet Code**

**A**

**Test Booklet No.**

**SUBJECT CODE : 38**

**Roll No. :** 

(Figures as per admission card)

**Roll No. (in words) :** ____________________

**OMR Sheet No. :** 

---

**Name and Signature of Invigilator/s**

Signature : ____________________

Name : ____________________

Time : 2 Hours

Maximum Marks : 200

**Number of Pages in this Booklet : 32**

**Number of Questions in this Booklet : 100**

**Instructions for the Candidates**

1. Write your roll number in the space provided on the top of this page.
2. This paper consists of hundred (100) multiple-choice type of questions.
3. At the commencement of examination, the test booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested **To Open the Booklet and Compulsorily Examine it as Below:**
   (i) To have access to the Test Booklet, tear off the paper seal on the edge of the cover page. Do not accept a booklet without sticker seal or open booklet.
   (ii) Tally the number of pages and number of questions in the booklet with the information printed on the cover page. Faulty booklets due to pages/questions missing or duplicate or not in serial order or any other discrepancy should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Test Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) After the verification is over, the Test Booklet Number should be entered in the OMR Sheet and the OMR Sheet Number should be entered on this Test Booklet.
4. Each item has four alternative responses marked (A), (B), (C) and (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each item.
   **Example :** Ⓐ Ⓑ ● Ⓓ
   where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated in the **OMR Sheet kept inside this Booklet**. If you mark at any place other than in the circles, the OMR Sheet will not be evaluated.
6. Read the instructions given in OMR Sheet carefully. Fill the Booklet Code of Paper-II in OMR Sheet **Compulsorily**.
7. Rough Work is to be done in the end of this booklet.
8. If you write your name or put any mark on any part of the OMR Answer Sheet, except for the space provided for the relevant entries, which may disclose your identity, you will render yourself liable to disqualification.
9. You have to return the OMR answer Sheet to the invigilators at the end of the examination compulsorily and must NOT carry it with you outside the Examination Hall.
10. You can take away test booklet and carbon copy of OMR Answer Sheet after the examination.
11. **Use only Blue/Black Ball point pen.**
12. **Use of any calculator, electronic gadgets or log table, etc. is prohibited.**
13. **There is no negative mark for incorrect answer.**

1۔ آغا حشر کاشمیری کے پہلے ڈرامے کا نام کیا ہے؟

(A) شہید ناز

(B) اسیر حرص

(C) آفتاب محبت

(D) سفید خون

2۔ جدید ہند آریائی زبانوں کے آغاز کا دور کیا ہے؟

(A) تقریباً 1500 قبل مسیح سے 500 قبل مسیح تک

(B) تقریباً 600 عیسوی سے 1000 عیسوی تک

(C) تقریباً 500 قبل مسیح سے 600 عیسوی تک

(D) تقریباً 1000 عیسوی سے 1500 عیسوی تک

3۔ ملا وجہی کا تعلق کس سلطنت سے تھا؟

(A) عادل شاہی

(B) عماد شاہی

(C) قطب شاہی

(D) نظام شاہی

4۔ انشاءاللہ خاں انشا کا تعلق کس ادبی دبستان سے تھا؟

(A) دبستانِ عظیم آباد

(B) دبستانِ دہلی

(C) دبستانِ لکھنؤ

(D) دبستانِ رام پور

5۔ ذیل میں کون سے دوزمرے صنف کے لحاظ سے درست ہیں؟

(الف) میدانِ عمل، فسانۂ عجائب، ہم وحشی ہیں

(ب) آگ کا دریا، ٹیڑھی لکیر، اداس نسلیں

(ج) فائرایریا، توبتہ النصوح، ایک چادر میلی سی

(د) واردات، خنداں، راستہ بند ہے۔

(A) (ب) اور (ج)

(B) (الف) اور (ج)

(C) (الف) اور (ب)

(D) (ب) اور (د)

6۔ لفظ ''امانت'' کا متضاد کیا ہے؟

(A) دیانت

(B) خیانت

(C) سخاوت

(D) امامت

7۔ نظم ''پگڈنڈی'' اختر الایمان کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(A) یادیں

(B) گرداب

(C) تاریک سیارہ

(D) آب جو

8۔ ''خرد کا نام جنوں پڑ گیا، جنوں کا خرد''

اس مصرعہ اولیٰ کا دوسرا مصرعہ کیا ہے؟

(A) ترے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

(B) مجھ وہ شامل ارباب امتیاز کرے

(C) تری نگاہ کو اللہ دل نواز کرے

(D) جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

9۔ ان میں کون سا کردار ناول ''فردوس بریں'' کا نہیں ہے؟

(A) حسین

(B) طارق

(C) زمرد

(D) مرجان

10۔ درج ذیل میں سے کون سا شاعر دہلی چھوڑ کر لکھنؤ نہیں گیا؟

(A) میر تقی میر

(B) خواجہ میر درد

(C) مصحفی

(D) جرأت

11۔ ذیل میں دیئے گئے اشعار کس نظم سے لیے گئے ہیں؟

بے کسوں کے خون میں ڈوبے ہوئے ہیں تیرے ہاتھ

کیا چبا ڈالے گی او کم بخت! ساری کائنات؟

ظلم اور اتنا! کوئی حد بھی ہے اس طوفان کی

بوٹیاں ہیں تیرے جبڑوں میں غریب انسان کی

(A) صبح آزادی

(B) خضر راہ

(C) انقلاب

(D) کسان

12۔ نظم ''صبح آزادی'' فیض کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(A) دست صبا

(B) نقش فریادی

(C) زنداں نامہ

(D) سر وادیٔ سینا

13۔ غالبؔ اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ناسخؔ

آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میرؔ نہیں

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) میر

(B) ناسخ

(C) غالب

(D) ذوق

14۔ درج ذیل میں سے کون سا ناول لکھنؤ کی تہذیبی زندگی کا جیتا جاگتا مرقع ہے؟

(A) آگ کا دریا

(B) فردوس بریں

(C) فسانۂ آزاد

(D) خدا کی بستی

15۔ اِشر سنگھ اور کلونت کور کس افسانے کے کردار ہیں؟

(A) ہم وحشی ہیں

(B) ٹھنڈا گوشت

(C) تماشا گھر

(D) بجوکا

16۔ درجِ ذیل میں سے کون سا ناول تاریخی ناول کے زمرے میں آتا ہے؟

(A) ٹیڑھی لکیر

(B) توبۃ النصوح

(C) فسانۂ آزاد

(D) فردوسِ بریں

17۔ کتاب ''پنجاب میں اردو'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) نصیرالدین ہاشمی

(C) محمد حسین آزاد

(D) محمود شیرانی

18۔ درج ذیل میں سے کس کتاب میں دکنی اردو کی لسانی خصوصیات نمایاں ہیں؟

(A) کربل کتھا

(B) نوطرز مرصع

(C) سب رس

(D) باغ و بہار

19۔ ''نشاطِ امید''، ''برکھارُت''، ''مناجاتِ بیوہ'' کس شاعر کی نظمیں ہیں؟

(A) اختر الایمان

(B) میراجی

(C) ن۔م۔راشد

(D) الطاف حسین حالؔی

20۔ نظم ''بنجارہ نامہ'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(A) زندگی کی بے ثباتی

(B) بنجارے کی زندگی کے مسائل

(C) زندگی سے محبت

(D) زندگی کی دشواریاں

21۔ ''بوستانِ خیال'' کس کی تصنیف کردہ داستان ہے؟

(A) میر تقی میرؔ

(B) میر محمد تقی خیالؔ

(C) رجب علی بیگ سرور

(D) ملّا وجہی

22۔ ذیل کے کس شاعر کا تعلق ترقی پسندی سے نہیں ہے؟

(A) مخدوم محی الدین

(B) معین احسن جذبی

(C) سلام مچھلی شہری

(D) میرا جی

23۔ ذیل کا کون سا زُمرہ صنف کے اعتبار سے صحیح ہے؟

(A) میر ضمیر، میر خلیق، میر انیس

(B) غالب، مومن، ذکاء اللہ

(C) میر حسن، دیا شنکر نسیم، اختر الایمان

(D) پریم چند، کرشن چندر، گیان چند

24۔ درج ذیل میں سے کس تذکرے کے مصنف مصطفیٰ خاں شیفتہ ہیں؟

(A) گلشن بے خار

(B) گلشن ہند

(C) نکات الشعراء

(D) مخزنِ نکات

25۔ علامہ اقبالؔ کی کس نظم کا پہلا بند نعتیہ ہے؟

(A) ساقی نامہ

(B) ذوق وشوق

(C) شعاعِ امید

(D) لینن خدا کے حضور میں

26۔ ''دہلی میں اردو شاعری کا تہذیبی وفکری پس منظر'' کس ناقد کی تصنیف ہے؟

(A) قمر رئیس

(B) آلِ احمد سرور

(C) الطاف حسین حالیؔ

(D) محمد حسن

27۔ ''تحقیق کے طریقۂ کار'' کس محقق کی تصنیف ہے؟

(A) پروفیسر شین اختر

(B) ڈاکٹر خلیق انجم

(C) رشید حسن خاں

(D) مولوی عبدالحق

28۔ کتھارسس یا تزکیۂ نفس کا تصور کس مغربی ناقد نے پیش کیا تھا؟

(A) افلاطون

(B) لان جائنس

(C) ارسطو

(D) میتھو آرنلڈ

29۔ کس مغربی ناقد نے شعر وادب کو تنقیدِ حیات سے تعبیر کیا ہے؟

(A) آئی اے رچرڈس

(B) ٹی۔ایس۔ایلیٹ

(C) ارسطو

(D) میتھیو آرنلڈ

30۔ ''چہار مقالہ'' کس فارسی ناقد کی تصنیف ہے؟

(A) نظامی عروضی سمرقندی

(B) شمس قیس رازی

(C) رشیدالدین وطواط

(D) امیر کیکاؤس

31۔ ذیل کا کون سا کردار مثنوی قطب مشتری سے نہیں ہے؟

(A) زہرہ

(B) عطارد

(C) قلی قطب شاہ

(D) فیروز

32۔ مثنوی قطب مشتری میں کردار ابراہیم قطب شاہ کا ہیرو سے کیا رشتہ ہے؟

(A) ہیرو کے بیٹے کا

(B) ہیرو کے باپ کا

(C) ہیرو کے پوتے کا

(D) ہیرو کے داماد کا

33۔ ہمدمو!

ہاتھ میں ہاتھ دو

سوئے منزل چلو

منزلیں پیار کی

منزلیں دار کی

کوئے دل دار کی منزلیں

دوش پر اپنی اپنی صلیبیں اٹھائے چلو

درج بالا نظم پر اشعار کس شاعر کے ہیں؟

(A) فیض

(B) ساحر

(C) ن۔م۔راشد

(D) مخدوم

34۔ درج ذیل میں سے کون سا خاکہ رشید احمد صدیقی کا لکھا ہوا ہے؟

(A) غالبؔ کا حلیہ

(B) دوزخی

(C) نام دیو مالی

(D) کندن

35۔ درج ذیل میں سے کس ادیب کا تعلق ''رومانی تحریک'' سے تھا؟

(A) شبلی نعمانی

(B) فراق گورکھپوری

(C) پریم چند

(D) سجاد حیدر یلدرم

36۔ ''ایہام گوئی'' کی رد میں کس شاعر نے اصلاحِ زبان کی تحریک شروع کی؟

(A) حاتمؔ

(B) فائز

(C) شاکر ناجی

(D) مرزا مظہر جان جاناں

37۔ انشائیہ ''چارپائی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) پطرس بخاری

(B) رشید احمد صدیقی

(C) احمد جمال پاشا

(D) مشتاق احمد یوسفی

38۔ درج ذیل مثنویوں کو ان کی سنِ تصنیف کی مناسبت سے صحیح ترتیب سے لگائیں:

(A) گلزار نسیم، قطب مشتری، بکٹ کہانی، کدم راؤ پدم راؤ

(B) کدم راؤ پدم راؤ، قطب مشتری، بکٹ کہانی، گلزار نسیم

(C) بکٹ کہانی، کدم راؤ پدم راؤ، گلزار نسیم، قطب مشتری

(D) قطب مشتری، گلزار نسیم، کدم راؤ پدم راؤ، بکٹ کہانی

39۔ ذیل میں درج قصیدے کے اجزائے ترکیبی کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(A) مدح، مدعا، گریز، تشبیب، دعا

(B) تشبیب، مدح، گریز، مدعا، دعا

(C) گریز، تشبیب، دعا، مدح، مدعا

(D) تشبیب، گریز، مدح، مدعا، دعا

40۔ ذیل میں درج کس کتاب کا تعلق فورٹ ولیم کالج سے نہیں ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) نثرِ بے نظیر

(C) فسانۂ عجائب

(D) باغِ اردو

41۔ ماسٹر رام چندر کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(A) فورٹ ولیم کالج

(B) دارالترجمہ عثمانیہ

(C) قدیم دلی کالج

(D) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

42۔ اردو میں اصلاحی اور مقصدی ادب کا آغاز کس ادبی تحریک سے ہوا؟

(A) ایہام گوئی کی تحریک

(B) اصلاحِ زبان کی تحریک

(C) ترقی پسند تحریک

(D) علی گڑھ تحریک

43۔ مولانا الطاف حسین حآلی، شبلی نعمانی، ڈپٹی نذیر احمد اور محمد حسین آزاد کا تعلق کس تحریک سے تھا؟

(A) ترقی پسند تحریک

(B) حلقۂ ارباب ذوق

(C) علی گڑھ تحریک

(D) مابعد جدیدیت

44۔ ''نوشابہ اور فریدون'' کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

(A) یہودی کی لڑکی

(B) انارکلی

(C) آگرہ بازار

(D) ضحاک

45۔ ڈراما ''انارکلی'' کتنے مناظر پر مشتمل ہے؟

(A) 13

(B) 11

(C) 14

(D) 15

46۔ کلامِ غالبؔ کی تحقیق وتدوین کے حوالے سے کس محقق کو نمایاں مقام حاصل ہے؟

(A) رشید حسن خاں

(B) قاضی عبدالودود

(C) مولوی عبدالحق

(D) امتیاز علی عرشی

47۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل پیش کی گئی ہے ۔ انھیں غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** بھرت منی نے ناٹیہ شاستر میں رس کا نظریہ پیش کیا ہے۔

**دلیل:** کیوں کہ اس کتاب میں ڈراما سے متعلق کچھ نہیں ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

48۔ ذیل میں ایک دعویٰ اور اس کی دلیل ہے ۔ انھیں غور سے پڑھئے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** تنقید پر ارسطو کی کتاب ''بوطیقا'' یوروپ میں سب سے پہلی کتاب ہے۔

**دلیل:** اس کتاب سے صرف تنقیدی رجحانات کا ہی پتہ نہیں چلتا بلکہ اصولِ نقد پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(C) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

49۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** امانت کا ''اندرسبھا'' اردو کی مثنویوں سے ماخوذ ہے۔

**دلیل:** کیوں کہ امانت لکھنوی اردو کے اہم مثنوی نگار ہیں۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

50۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** اردو میں ایہام گوئی کا رواج سب سے زیادہ محمد شاہی عہد میں ہوا تھا۔

**دلیل:** کیوں کہ محمد شاہ کا زمانہ بہت خوش حال تھا۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

51۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** غزل اردو شاعری کی سب سے مقبول صنف ہے۔

**دلیل:** اس لیے اسے نیم وحشی صنف سخن کہا گیا ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

52۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** محمد حسن ایک اہم ترقی پسند تنقید نگار ہیں۔

**دلیل:** کیوں کہ انھوں نے آزادی کے بعد تنقید لکھی۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

53۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اورصحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** پریم چند کا ناول گئودان ان کے ناولوں میں شاہکار کا درجہ رکھتا ہے۔

**دلیل:** اس میں دیہی زندگی کی بھرپور عکاسی کی گئی ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

54۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔انھیں غور سے پڑھیے اورصحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** ناول ''امراؤ جان ادا'' حقیقت پر مبنی ناول ہے۔

**دلیل:** اس ناول میں سماجی عوامل کی عکاسی کی گئی ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

55۔ مبتدی ہوں، مجھے توقیر عطا کر یارب!
شوق مداحِ شبیر عطا کر یارب!
سلکِ گوہر ہو، وہ تقریر عطا کر یارب!
نظم میں رونے کی تاثیر عطا کر یارب!
جدّ وآبا کے سوا غیر کی تقلید نہ ہو
لفظ مغلق نہ ہوں، گنجلک نہ ہو تعقید نہ ہو

مرثیے کا یہ بند کس نے کہا ہے؟

(A) دبیر

(B) انیس

(C) ضمیر

(D) خلیق

56۔ ذیل میں ایک دعویٰ اوراس کی دلیل ہے۔اسے غور سے پڑھیے اورصحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**دعویٰ:** اردو کی پہلی سب سے بڑی ادبی تحریک علی گڑھ تحریک ہے۔

**دلیل:** کیوں کہ اس نے جدید اردو ادب کی تمام اصناف میں غیرمعمولی اضافہ کیا ہے۔

(A) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہے۔

(B) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح اور دلیل غلط ہے۔

(D) دعویٰ غلط اور دلیل صحیح ہے۔

57۔ ذیل میں دو اقوال ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**(قول I)** مثنوی کو بیانیہ شاعری کی معراج کہا جاتا ہے۔

**(قول II)** مثنوی کے ہر شعر کے مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور ہر شعر کا قافیہ الگ الگ ہوتا ہے۔

(A) (**قول I**) اور (**قول II**) دونوں صحیح ہے۔

(B) (**قول I**) اور (**قول II**) دونوں غلط ہے۔

(C) (**قول I**) صحیح اور (**قول II**) غلط ہے۔

(D) (**قول I**) غلط اور (**قول II**) صحیح ہے۔

58۔ ذیل میں دو اقوال ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

**(قول I)** فراق کے کلام میں ہندوستانی دیومالائی عناصر کا اثر بہت کم ملتا ہے۔

**(قول II)** فراق کو ''گل نغمہ'' پر ساہتیہ اکادمی ایوارڈ دیا گیا تھا۔

(A) (**قول I**) اور (**قول II**) دونوں صحیح ہے۔

(B) (**قول I**) اور (**قول II**) دونوں غلط ہے۔

(C) (**قول I**) صحیح اور (**قول II**) غلط ہے۔

(D) (**قول I**) غلط اور (**قول II**) صحیح ہے۔

59۔ ذیل میں دو اقوال ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

**(قول I)** میر آصف الدولہ کی دعوت پر لکھنؤ گئے تھے۔

**(قول II)** ذکر میر فارسی زبان میں لکھی ہوئی میر کی خودنوشت سوانح عمری ہے۔

(A) (**قول I**) اور (**قول II**) دونوں صحیح ہے۔

(B) (**قول I**) اور (**قول II**) دونوں غلط ہے۔

(C) (**قول I**) صحیح اور (**قول II**) غلط ہے۔

(D) (**قول I**) غلط اور (**قول II**) صحیح ہے۔

R انشاءاللہ خاں انشاء

S ملا وجہی

**List-II**

1 سب رس

2 رانی کیتکی کی کہانی

3 کربل کتھا

4 بوستانِ خیال

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 3 | 4 | 2 | 1 |
| (B) | 2 | 3 | 4 | 1 |
| (C) | 1 | 2 | 3 | 4 |
| (D) | 4 | 1 | 2 | 3 |

60۔ ذیل میں دو اقوال ہیں۔ انھیں غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

**(قول I)** غالب نے اپنے خطوط میں کلکتہ کو دارالسرور لکھا ہے۔

**(قول II)** غالب کو سب سے زیادہ اپنا فارسی کلام پسند تھا۔

(A) **(قول I)** اور **(قول II)** دونوں صحیح ہے۔

(B) **(قول I)** اور **(قول II)** دونوں غلط ہے۔

(C) **(قول I)** صحیح اور **(قول II)** غلط ہے۔

(D) **(قول I)** غلط اور **(قول II)** صحیح ہے۔

61۔ ذیل میں اردو کے اہم داستان گو اور ان کی داستانیں درج ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P فضل علی خاں فضلی

Q میر محمد تقی خیال

62۔ ذیل میں کتاب اور مصنف کے نام درج ہیں۔
درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P اردو لسانیات

Q اردو کی کہانی

R دکن میں اردو

S مقدمہ تاریخ زبان اردو

**List-II**

1 نصیرالدین ہاشمی

2 مسعود حسین

3 احتشام حسین

4 شوکت سبزواری

Codes:

| S | R | Q | P | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 4 | 1 | 2 | (A) |
| 4 | 3 | 2 | 1 | (B) |
| 2 | 1 | 3 | 4 | (C) |
| 1 | 2 | 4 | 3 | (D) |

63۔ ذیل میں مصنفین اور ان کا مقام پیدائش درج ہے۔
درست جوڑ ملایئے:

**List-I**

P آغا حشر کاشمیری

Q میر انیس

R مرزا دبیر

S مرزا غالب

**List-II**

1 فیض آباد

2 دہلی

3 آگرہ

4 بنارس

Codes:

| S | R | Q | P | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 2 | 1 | 4 | (A) |
| 2 | 1 | 4 | 3 | (B) |
| 1 | 4 | 3 | 2 | (C) |
| 4 | 3 | 2 | 1 | (D) |

64۔ ذیل میں چند شعرا کے تخلص اور اصل نام دیے گئے ہیں۔ تخلص کی مدد سے درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P دبیر

Q ذوق

R انیس

S سودا

**List-II**

1 مرزا محمد رفیع

2 مرزا سلامت علی

3 شیخ محمد ابراهیم

4 میر ببر علی

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 3 | 4 | 1 | 2 |
| (B) | 2 | 3 | 4 | 1 |
| (C) | 4 | 3 | 1 | 2 |
| (D) | 1 | 2 | 3 | 4 |

65۔ سفرنامہ نگاروں کے نام اور ان کے سفرناموں کے درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P سرسید

Q شبلی

R ابن انشا

S مجتبیٰ حسین

**List-II**

1 سفرنامہ روم و مصر و شام

2 جاپان چلو، جاپان چلو

3 مسافران لندن

4 ابن بطوطہ کے تعاقب میں

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 1 | 3 | 2 | 4 |
| (B) | 3 | 2 | 4 | 1 |
| (C) | 3 | 1 | 4 | 2 |
| (D) | 4 | 3 | 1 | 2 |

66۔ ذیل میں افسانہ نگاروں کے نام کے ساتھ ان کے افسانوی مجموعے کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P جیلانی بانو

Q غیاث احمد گدی

R خواجہ احمد عباس

S سہیل عظیم آبادی

**List-II**

1 ایک لڑکی

2 الاؤ

3 بابا لوگ

4 راستہ بند ہے

Codes:

| S | R | Q | P | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | 3 | 2 | 1 | (A) |
| 1 | 4 | 3 | 2 | (B) |
| 2 | 1 | 3 | 4 | (C) |
| 1 | 2 | 4 | 3 | (D) |

67۔ ذیل میں شاعروں کے نام کے ساتھ ان کی نظموں کے نام درج ہیں۔ درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P اکبرالہ آبادی

Q میراجی

R اخترالایمان

S برج نرائن چکبست

**List-II**

1 کلرک کا نغمہ محبت

2 پگڈنڈی

3 برق کلیسا

4 خاکِ ہند

Codes:

| S | R | Q | P | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | 4 | 2 | 1 | (A) |
| 1 | 3 | 4 | 2 | (B) |
| 4 | 2 | 1 | 3 | (C) |
| 2 | 1 | 3 | 4 | (D) |

68۔ ذیل میں ناول اوران کے کرداروں کے نام درج ہیں۔درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P فردوس بریں

Q آگ کا دریا

R ایک چادر میلی سی

S گئودان

**List-II**

1 مالتی

2 رانو

3 مرجان

4 ابوالمنصور

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 4 | 3 | 2 | 1 |
| (B) | 2 | 1 | 3 | 4 |
| (C) | 1 | 2 | 3 | 4 |
| (D) | 3 | 4 | 2 | 1 |

69۔ ترقی پسند مصنفین کی کل ہند کانفرنس کے منعقد ہونے کے مقام کی درست ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P پہلی کل ہند کانفرنس

Q دوسری کانفرنس

R ساتویں کانفرنس

S چوتھی کانفرنس

**List-II**

1 دہلی

2 حیدرآباد

3 لکھنؤ

4 کلکتہ

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 3 | 4 | 1 | 2 |
| (B) | 1 | 2 | 3 | 4 |
| (C) | 2 | 3 | 4 | 1 |
| (D) | 4 | 1 | 2 | 3 |

70۔ درج ذیل کتابیں کس شہر میں لکھی گئیں؟ درست جوڑ ملایئے:

**List-I**

P باغ و بہار

Q فسانۂ عجائب

R سب رس

S گلزارِ نسیم

**List-II**

1 کانپور

2 لکھنؤ

3 کلکتہ

4 دکن، حیدرآباد

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 2 | 3 | 1 | 4 |
| (B) | 3 | 1 | 4 | 2 |
| (C) | 4 | 2 | 3 | 1 |
| (D) | 1 | 4 | 2 | 3 |

71۔ ملے جو دل تو یہ کہنا کہ اپنی منزل پر

سحر کا بھولا ہوا وقتِ شام آتا ہے

مذکورہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) جگر

(B) فانی

(C) شاد

(D) اصغر

72۔ اردو تنقید کو ''معشوق کی موہوم کمر'' کس نے کہا ہے؟

(A) گوپی چند نارنگ

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) کلیم الدین احمد

(D) شبلی نعمانی

73۔ درج ذیل میں سے کون آٹھ مختلف ہیئتوں کا مجموعی نام ہے؟

(A) مثمن

(B) مسمط

(C) مسبع

(D) معشر

74۔ جس نظم میں شہروں کی بدحالی، بربادی اور بدانتظامی کا ذکر ملتا ہے۔ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں؟

(A) نوحہ

(B) شہرآشوب

(C) مرثیہ

(D) واسوخت

75۔ اردو کا پہلا واسوخت نگار کون ہے؟

(A) فائز

(B) حاتم

(C) آبرو

(D) شاکرناجی

76۔ رباعی کے لئے کون سی بحر مخصوص ہے؟

(A) بحرہزج

(B) بحرمضارع

(C) بحروافر

(D) بحررجز

77۔ ذیل میں شاعراوران کی نظم کا عنوان درج ہے۔ درست جوڑے کی نشاندہی کیجیے:

**List-I**

P مخدوم محی الدین

Q ساحرلدھیانوی

R اخترالایمان

S شفیق فاطمہ شعریٰ

**List-II**

1 بازگشت

2 بازآمد

3 گریز

4 انقلاب

Codes:

| | P | Q | R | S |
|---|---|---|---|---|
| (A) | 4 | 3 | 2 | 1 |
| (B) | 1 | 4 | 3 | 2 |
| (C) | 2 | 3 | 4 | 1 |
| (D) | 3 | 1 | 2 | 4 |

78۔ اردو کا مسکن ''دوآبۂ گنگ وجمن'' کس نے قرار دیا ہے؟

(A) شوکت سبزواری

(B) مسعود حسین خاں

(C) میر امن

(D) محی الدین قادری زور

79۔ رباعی کو درج ذیل میں سے کس ایک اور نام سے جانتے ہیں؟

(A) یک بیتی

(B) سہ بیتی

(C) دوبیتی

(D) چہار بیتی

80۔ ''خواب باقی ہیں'' کس کی خودنوشت سوانح ہے؟

(A) مسعود حسین خاں

(B) اختر الایمان

(C) جوش ملیح آبادی

(D) آل احمد سرور

81۔ میر امن نے اپنی داستان ''باغ و بہار'' میں کہاں کی ٹکسالی زبان کا استعمال کیا ہے؟

(A) ایران کی

(B) لاہور کی

(C) دہلی کی

(D) لکھنؤ کی

82۔ ن۔م۔راشد کا اصل نام یا پورا نام کیا ہے؟

(A) نصیر محمد راشد

(B) نذر محمد راشد

(C) نیاز محمد راشد

(D) نثار محمد راشد

83۔ ''بلینک وَرس'' ہیئت کے لئے اردو میں کون سی اصطلاح رائج ہے؟

(A) آزادنظم

(B) غیرمقفیٰ نظم

(C) نثری نظم

(D) نظم معریٰ

84۔ ''ہائیکو'' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) تین

(B) پانچ

(C) چار

(D) دو

85۔ ''ہندآریائی اورہندی'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) رشیدحسن خاں

(B) شوکت سبزواری

(C) مسعودحسین خاں

(D) ڈاکٹرسینتی کمارچٹرجی

86۔ ڈراما ''اندرسبھا'' میں گلفام کی سبھا میں موجودگی کی اطلاع کس نے دی؟

(A) لال پری

(B) لال دیو

(C) جوگن

(D) کالادیو

87۔ جہاں زاد، میں آج تیری گلی میں
یہاں رات کی سردگوں تیرگی میں
ترے در کے آگے کھڑا ہوں
سر دمو پریشان
دریچے سے وہ قاف کی سی طلسمی نگاہیں
مجھے آج پھر جھانکتی ہیں
مذکورہ بالا اشعار کس نظم سے ماخوذ ہیں؟

(A) تاج محل

(B) سمندرکابلاوا

(C) چاندتاروں کابن

(D) حسن کوزہ گر

88۔ خوب دن تھے ابتدائے عشق کے

اب دماغِ نالہ و............کہاں

خالی جگہ کو مناسب لفظ سے بھریے:

(A) شیون

(B) ایمن

(C) دامن

(D) گردن

89۔ وہ مٹاتے ہی رہے لیکن یہ دل

نقش بن بن کر ابھرتا ہی رہا

درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) جگر

(B) فانی

(C) غالب

(D) حسرت

90۔ جدید اردو ادب میں گیت نگاری کے حوالے سے کس شاعر کا نام امتیازی حیثیت رکھتا ہے؟

(A) بیکل اُتساہی

(B) فراق گورکھپوری

(C) اختر الایمان

(D) ن۔م۔راشد

**91** سے **95** تک کے سوال اس شعری اقتباس سے بنائے گئے ہیں۔ درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔

کیا جانے کس خیال میں گم تھی وہ بے گناہ

نورِ نظر یہ دیدۂ حسرت سے کی نگاہ

جنبش ہوئی لبوں کو، بھری ایک سرد آہ

لی گوشہ ہائے چشم سے اشکوں نے رخ کی راہ

چہرے کا رنگ حالتِ دل کھولنے لگا

ہر موئے تن زباں کی طرح بولنے لگا

91۔ درج بالا شعری حصہ کس صنف سخن سے متعلق ہے؟

(A) مثنوی

(B) مرثیہ

(C) نظم

(D) غزل

92۔ اس شعری حصہ کے خالق کون ہیں؟

(A) میر حسن

(B) برج نرائن چکبست

(C) میر انیس

(D) الطاف حسین حالی

93۔ درج بالا شعری حصہ کو شعری اصطلاح میں کیا کہا جائے گا؟

(A) مسدس

(B) مربع

(C) مخمس

(D) مستزاد

94۔ یہاں ''گوشہ ہائے چشم'' سے کیا مراد ہے؟

(A) ایسی جگہ جو نظر نہ آئے

(B) آنکھ کا کونہ

(C) آنکھوں سے اوجھل

(D) آنکھوں سے لگا ہوا

95۔ یہاں ''دیدۂ حسرت'' کے کیا معنی ہیں؟

(A) دیکھ کر کام کرنا

(B) حسرت نہ ہونا

(C) دیکھنے کا شوق

(D) احساس محرومی

**96** سے **100** تک سوال اس نثری اقتباس سے بنائے گئے ہیں۔ درج ذیل نثری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔

''گاؤں میں آموں کا باغ، کبھی دھوپ کبھی چھاؤں، کوئل کوکتی ہے لہکتی ہے گاؤں کے لڑکے لڑکیاں دھوم مچا رہی ہیں۔ کہیں کوئی پکا ہوا آم ڈال سے ٹوٹ کر گرتا ہے۔ سب کے سب جھپٹتے ہیں۔ جس کو مل گیا وہ ہیرو بن گیا۔ جس کو نہ ملا اس پر سب نے ٹھٹھے لگائے۔ یہی لڑکے لڑکیاں جو اس وقت کسی طرح قابل التفات نظر نہیں آتیں کسے معلوم آگے چل کر زمانہ اور زندگی کی کن نیرنگیوں کو اجاگر کریں گے۔ کتنے فاتح بنیں گے۔ کتنے نامور اور نیک نام، کتنے گمنام و نافرجام اور یہ خاکسار ایک کھڑی چارپائی پر اس باغ میں آرام فرما رہا ہے۔ چارپائی باغبان کی ہے۔ باغ کسی اور کا ہے۔ لڑکے لڑکیاں گاؤں کی ہیں۔ میرے حصے کا صرف آم ہے۔''

96۔ درج بالا نثری حصہ کس صنف سے متعلق ہے؟

(A) مکتوب

(B) افسانہ

(C) انشائیہ

(D) ناول

97۔ اس نثری حصہ کے مصنف کون ہیں؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) کرشن چندر

(C) ابوالکلام آزاد

(D) پریم چند

98۔ درج ذیل جملے کی صحیح ترتیب بتایئے:

1 جس کو مل گیا وہ ہیرو بن گیا

2 ڈال سے ٹوٹ کر گرتا ہے

3 کہیں کوئی پکا ہوا آم

4 سب کے سب جھپٹتے ہیں۔

(A) 1 2 3 4

(B) 3 2 4 1

(C) 4 3 2 1

(D) 2 4 1 3

99۔ لفظ ''التفات'' کے کیا معنی ہیں؟

(A) نفرت

(B) جھکاؤ

(C) شفقت

(D) معافی

100۔ درج بالا نثری حصہ میں چارپائی کس کی بتائی گئی ہے؟

(A) باغباں کی

(B) گاؤں والوں کی

(C) باغ کی

(D) نیک نام کی

## ROUGH WORK

## ROUGH WORK